سوال

(90) توسل بالموتٰی والاحیاء جائز ہے یا نہیں؟

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

توسل بالموتٰی والاحیاء جائز ہے یا نہیں؟ اور اگر کسی شخص پر کوئی مصیبت ہو تو اللہ جل شانہ سے بحرمت رسول اللہ ﷺ یا کسی اولیاء کے طفیل سے مانگے کہ یا اللہ بحرمت فلاں میری مشکل کو آسان کر یہ جائز ہے یا نہیں؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحۃ السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس قسم کے الفاظ حدیثوں میں نہیں آئے۔ ایسا توسل نہیں سکھایا ہاں یہ توسل سکھایا ہے کہ دعا سے پہلے خدا کی تعریف کرو۔ اور آپ ﷺ پر درود بھیجو۔ پھر دعا کرو امید سے قبول ہو جائے گی۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ ثنائیہ امرتسری

جلد 01 ص 294

محدث فتویٰ